نقد و نظر

تبصرے کے لئے ہر کتاب کے دو نسخوں کا آنا ضروری ہے

ادارہ

خانقاہی نظام کی اہمیت اور افادیت

مولانا محمد روح اللہ نقشبندی غفوری، صفحات: ۱۱۰، قیمت: درج نہیں، ناشر: مکتبہ غفوریہ حقانیہ نقشبندیہ، کراچی، برائے رابطہ: 0321-2384607، 0333-2315471

یوں محسوس ہوتا ہے کہ مؤلف موصوف مولانا محمد روح اللہ نقشبندی غفوری مدظلہ کو اللہ تعالیٰ نے تصوف وسلوک کی راہ میں قبول فرمالیا ہے، اس لئے کہ تھوڑے ہی عرصہ میں موصوف نے احسان وسلوک اور خانقاہی نظام کے متعلق کئی اہم کتب تالیف فرمالی ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ نے کتابیں شائع کرنے کا اتنا عمدہ اور نفیس ذوق عطا فرمایا ہے کہ آپ کی تالیف اور مرتب کردہ کتب کو دیکھتے ہی پڑھنے کو دل چاہتا ہے۔ مؤلف نے اس رسالہ میں خانقاہی نظام کے مقاصد، اس کی فضیلت واہمیت اور اس کا فتنوں کے لئے مؤثر علاج ہونا مختصر اور مدلل انداز میں بیان کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ مؤلف موصوف کے علم وعمل میں برکات نصیب فرمائیں اور اس کتاب کو امت کے لئے ہدایت اور راہنمائی کا ذریعہ بنائیں۔

ارشادات وملفوظات اولیائے نقشبند

مولانا محمد روح اللہ نقشبندی غفوری، صفحات: ۳۷۴، قیمت: درج نہیں، ناشر: مکتبہ غفوریہ حقانیہ نقشبندیہ، کراچی، برائے رابطہ: 0321-2384607، 0333-2315471

اس کتاب میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، حضرت

سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے لے کر حضرت مولانا شمس الرحمن عباسی اور جناب محمد علی ہمایوں حنیف تک تقریباً اس سلسلہ کے ۴۵ بزرگانِ دین کے ملفوظات کو مختلف کتب سے یکجا کیا گیا ہے، اس اعتبار سے یہ کتاب ملفوظات کا انسائیکلوپیڈیا کہلانے کی مستحق ہے۔ امید ہے قارئین اس کتاب کی قدر افزائی فرمائیں گے۔

کشف وکرامات اولیائے نقشبند

مولانا محمد روح اللہ نقشبندی غفوری، صفحات: ۳۵۰، قیمت: درج نہیں، ناشر: مکتبہ غفوریہ حقانیہ نقشبندیہ، کراچی، برائے رابطہ: 0321-2384607، 0333-2315471

اس کتاب میں خلفاء راشدینؓ اور سلسلۂ نقشبندیہ کے بزرگوں کے کشف وکرامات کو مختلف مآخذ سے جمع کیا گیا ہے اور کتاب کے شروع میں کشف، کرامت اور ان کی اقسام وغیرہ پر بہترین مقدمہ لکھا گیا ہے جو انتہائی جاندار اور اس موضوع پر بیش بہا خزینہ ہے۔ البتہ اس کتاب کے پروف پڑھنے میں انتہائی غفلت اور سستی کا مظاہرہ کیا گیا ہے، کیونکہ ہر صفحہ پر کثیر تعداد میں لفظی غلطیاں موجود ہیں، جس سے مضمون کا ربط ٹوٹ جاتا ہے، معنی اور مفہوم کچھ کا کچھ بن جاتا ہے۔ امید ہے کہ اگلے ایڈیشن میں اس کی طرف توجہ کی جائے گی۔

ملفوظات شیخ الحدیث

ڈاکٹر محمد اسماعیل میمن مدنی مدظلہ، خلیفۂ مجاز شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا کاندھلوی، صفحات: ۳۵۰، قیمت: درج نہیں، ناشر: مکتبہ لدھیانوی، ۱۸، سلام کتب مارکیٹ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی، برائے رابطہ: 0321-2115502,0321-2115595

حضرت ڈاکٹر محمد اسماعیل میمن مدظلہ حضرت شیخ الحدیث نور اللہ مرقدہٗ کے خلفاء میں سے ہیں۔ آپ نے حضرتؒ کے ملفوظات جو مختلف مجالس اور مختلف مواقع پر ارشاد فرمائے گئے، ان کو تربیت السالکین کے طرز پر جمع کیا ہے۔ ملفوظات کیا ہیں؟ زندگی گزارنے کے انمول اصول اور مختلف مراحل اور مواقع میں ایک بہترین ہادی اور ہمدرد راہنما ہیں۔ اللہ تعالیٰ اکابر کے ملفوظات اور ان کی زندگی کے تجرباتی نچوڑ کو پڑھنے اور حرزِ جان بنانے کی توفیق عطا فرمائے۔ اس کتاب کا پڑھنا ہر مسلمان کے لئے انتہائی مفید اور ضروری ہے۔